جہاں خبر ہوگی وہاں مبتدا ہوگا اس لیے دونوں کو ایک ساتھ جمع کیا۔

مبتدا کی تعریف =

مبتدا وہ اسم ہے جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو

مسند الیہ ہو۔

سوال یہ ہے کہ کہا گیا ہے کہ مبتدا وہ اسم ہے جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو

تو عوامل عامل کی جمع ماسر ہو اور جمع کے لیے کم از کم تین کا ہونا

ضروری ہے یہ تعریف بھی درست نہیں ہو رہی ہے۔

(۳)

اگر یہ جواب دیا جائے کہ یہاں پر جمع سے مراد ما فوق کل واحد ہے

کہ کبھی ایک کے اوپر جو ہے اس کی بھی جمع یعنی دو کی جمع بنایا جاتا ہے

تب بھی بات نہیں ہوتی مطلب یہ ہوا کہ دو عوامل لفظیہ سے خالی ہو

صحیح جواب یہ ہے کہ جب جمع پر الف لام داخل ہوتا ہے

تو اس کی جمعیت باطل ہو جاتی ہے اور وہ مطلقاً استغراق

کو بیان کرتی ہے اب مطلب ہوگا عوامل لفظی کے ہر فرد سے خالی ہو

اور اگر صیغہ صفت مطابق ہو دو اسم کے وہ مفرد ہو دونوں میں جائز ہے

کس کے مطابق / اسم ظاہر کے مطابق ہو مفرد ہونے میں یعنی صیغہ صفت بھی

مفرد ہو اور اسم ظاہر بھی مفرد ہو تو دونوں وجہ جائز ہے

جیسے أقائمٌ زیدٌ ما قائمٌ زیدٌ یہ دونوں مفرد ہے اور دونوں جائز ہے

ایک تو یہ کہ صیغہ صفت مبتدا ہوا اس کا ما بعد اس کا فاعل قائم مقام

خبر ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ صیغہ صفت خبر ہوا اور اس کا

ما بعد مبتدا ہوا۔ جیسے ما قائمٌ زیدٌ یہ دونوں وجہ جائز ہے! کیوں

اس لئے کہ صیغہ صفت میں ضمیر نکالنے کی ضرورت نہیں پڑتی ہے

تو اضمار قبل الذکر بھی لازم نہیں آئے گا اگر اس کو خبر مقدم بنادیا

اور اس کے مابعد کو مبتداء مؤخر کر دے بر خلاف اس کے جب

تثنیہ یا جمع میں مطابق ہو۔ جیسے أقائمان الزیدان یا أقائمون الزیدون

پہلا پھر دو وجہ جائز نہیں ہے بلکہ اس وقت صیغہ صفت کا خبر ہونا متعین ہے

اس لئے کہ صیغہ صفت رفع نہیں دے رہی ہے اسم ظاہر کو مبتدا ہونے کے

رفع دینا ضروری ہے۔ رفع کیوں نہیں دے رہی ہے۔ اس لئے کہ یہ عمل کرنے

میں فعل کی طرح ہے اور فعل فاعل کو رفع دیتا ہے تو صیغہ صفت

اسم ظاہر کو رفع دے گی۔ اب اگر یہ رفع دے تی اس صورت میں

تو اسم ظاہر چاہیے تثنیہ ہو چاہیے جمع ہو ہر صورت میں صیغہ صفت مفرد ہوتا

ہے کہ وہ فعل میں یہی ہے قاعدہ کہ فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ مفرد ہوگا

تو صیغہ صفت کے تثنیہ یا جمع آنے سے یہ بات ثابت ہوگی کہ وہ اسم ظاہر کو رفع

نہیں دے گا تو خبر ہونے کے لئے متعین ہے مبتدا ہونے کی شرط یہ تھا کہ وہ اسم ظاہر کو رفع

دے

(۹) کبھی جملہ خبر ہوتی ہے

کبھی خبر جملہ ہوتی ہے جیسے زید ابوہ قائم اور زید قام ابوہ

پہلی مثال جملہ اسمیہ کی ہے اور دوسری مثال جملہ خبریہ کی ہے

خلاصہ من عائد ترجمہ جب خبر جملہ ہو تو اس میں ایک ضمیر کا

ہونا ضروری ہے جو لوٹے مبتدا کی طرف کیونکہ جملہ بذات خود

مستقل ہوتا ہے اس نے کو کسی کی ضرورت یا حاجت نہیں

ہوتی ہے، اور اگر جملہ ہو اور اس میں ایک ایسی ضمیر نہ ہو جو

مبتدا کی طرف لوٹے! تو اس صورت میں خبر کا مبتدا سے

تعلق ہی نہ رہے گا. کیونکہ جملہ ہے اور جملہ مستقل ہوتا ہے

اس لیے کہاں کہ جز جملہ ہو تو اس میں ایک ضمیر کا ہونا

ضروری ہے جو لوٹے مبتدا کی طرف تاکہ یہ ضمیر ایک پیوست

مین کا کام کرے اور خبر کا تعلق بنائے رکھے!

اور کبھی اس جملہ کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے قرینہ کے پائے جانے کی
وجہ سے جیسے البرُّ الکُرُّ بِسِتِّیْنَ دِرْہَمًا بِسِتِّیْنَ جملہ ہے
اس کے جملہ کو حذف کر دیا گیا ہے قرینہ کی وجہ سے اصل عبارت
یہ ہے البرُ الکرُّ منہُ بِسِتِّیْنَ دِرْہَمًا یہاں قرینہ یہ ہے کہ گیہوں بیچنے
والا بیچنے کے لئے گیہوں ہی کا دام بتائے گا نہ کہ کسی اور چیز کا
تو اس قرینہ کے پائے جانے کی وجہ سے منہُ کو حذف کر دیا

دوسرا واقع ظرفًا ترجمہ اور وہ خبر جو ظرف واقع ہو
اور اکثر حضرات اس بات پر ہیں کہ یہ جملہ کے ساتھ مقدر ہوتا ہے
یعنی خبر جب ظرف ہو تو ظرف کے لئے عامل کا ہونا ضروری ہے
اور فعل عمل کرنے میں اصل ہے اس لئے اکثر حضرات کہتے ہیں کہ وہ جملہ کے
ساتھ مقدر ہوتا ہے جو نحو زیدٌ فی الدار زیدٌ مبتدا فی الدار
خبر جو ظرف ہے!

(B)

تو ان حضرات کے نزدیک تبدیل واقع ہوگی زید کائن المستقر فی الدار

زید گھر میں مستقر ہے موجود ہے المستقر فعل محذوف ہوگا

کہتے ہیں کیوں کہ ... فعل کو محذوف مانتے ہیں اس لیے کہ

ظرف میں عامل کی ضرورت ہے اور فعل عمل میں اصل ہوتا ہے

الجواب / فعل اکثر کیا اسی سے سمجھ میں آگیا کہ بعض

حضرات ایسے ہیں جو جملہ کے ساتھ متعین نہیں رکھتے ہیں بلکہ مضمر کے

ساتھ مقدر مانتے ہیں / کیوں / یہ حضرات کہتے ہیں خبر اور ظرف کی

بات چل رہی ہے اور خبر کے اصل یہ ہے کہ مفرد ہو جملہ نہ ہو

تو زید فی الدار کی ترکیب وحدات کے مطابق ہوگی ہی نہیں

زید مستقر فی الدار

مبتدا کا وجب مقدم

(۱) ترجمہ واجب مبتدا مشتمل ہو اس پر جس کے لئے صدر کلام ہو

جیسے من ابوک کون ہے تیرا باپ من ابوک میں مبتدا کو مقدم کرنا

اس لئے واجب ہے کہ مَن حرف استفہام مبتدا ہے اور صدارت

کلام چاہتا ہے اگر مبتدا کو مقدم نہ لیا جائے بلکہ مؤخر کرنا جائز ہو

تو مبتدا کی صدارت باطل ہو جائے گی تو بطلان صدارت سے بچانے

کے لئے مبتدا کو مقدم کرنا واجب ہے ۔

(۲) اور جب دونوں کے دونوں معرفہ ہو جیسے زیدٌ المنطلق

یا المنطلقُ زیدٌ یہ دونوں معرفہ ہے اور کسی کے مبتدا ہونے پر

کوئی ذریعہ نہیں ہے تو اس صورت میں مبتدا کو مقدم کرنا واجب ہے

اگر مقدم کرنا واجب نہ ہو مؤخر کرنا جائز ہو تو التباس لازم

آئے گا مبتدا اور خبر کے درمیان تو اس صورت میں مبتدا کو

مقدم کرنا واجب ہے

اسی طرح جب تخصیص کے معنی میں جمع ملا کر ہو

اصل تخصیص میں دونوں برابر ہو خواہ کسی میں تخصیص کم ہو

کسی میں تخصیص زیادہ ہو جیسے افضلُ منکَ افضلُ منی

تجھ سے بہتر مجھ سے بہتر ہے۔ افضلُ منکَ مبتدا افضلُ منی خبر

دونوں میں تخصیص ہے کیونکہ دونوں اسم تفضیل بمعنی ہے من کے

ساتھ استعمال کیا گیا ہے افضلُ منک میں زیادہ تخصیص ہے افضلُ منی

کے بنسبت کیونکہ اس کی اضافت متکلم کی طرف ہے اور اس کی

مخاطب کی طرف تو متکلم میں زیادہ تخصیص ہے بنسبت مخاطب

کے تو دونوں تخصیص میں برابر ہے اس لئے مبتدا کو مقدم کرنا

یہاں واجب ہے کہ یہاں بھی التباس لازم آتا ہے لہذا اس

صورت میں بھی مبتدا کو مقدم کرنا واجب ہے۔

(۳) اور جب خبر مبتدا کی فعل ہو جیسے زیدٌ قام زید کھڑا ہوا

زید مبتدا ہے قائم خبر ہے اور یہ قیام اسی فعل کا فعل ہے اب اگر

اس صورت میں مقدم کرنا واجب نہ بلکہ مؤخر کرنا جائز ہو تو

مبتدا کا فاعل سے التباس لازم آئے گا تو اس التباس سے بچنے کے لئے

یہاں مبتدا کو مقدم کرنا واجب ہے

ترجمہ

(۱) جب خبر مفرد متضمن ہو اس کو جس کے لیے صدر الکلام ہے
جیسے ابن زیدٌ کہاں ہے زیدٌ

(۲) اور خبر مبتدا کے لیے مصحح ہو جیسے فی الدار رجلٌ

(۳) یا خبر کے متعلق کوئی ضمیر ہو مبتدا میں جیسے
علی التمرۃ مثلها زبدًا کھجور پر اس کے مثل مسکہ

(۴) یا اَنَّ کی خبر ہو مثلُ عندی انّکَ قائمٌ میرے نزدیک تو کھڑا ہے
تو ان تمام صورت میں خبر کو مقدم کرنا واجب ہے

---

(۱) پہلی صورت جب خبر مفرد متضمن ہے اس کو جس کے لیے
صدر کلام ہے اس وقت خبر کو مبتدا پر مقدم کرنا واجب ہے

کیوں؟ اس لئے کہ خبر کو مبتدا پر مقدم کرنا واجب نہ بلکہ صرف
جائز ہو تو مؤخر کرنا بھی جائز ہوگا اگر مؤخر کردینگے تو اس کی

(1) اس کی صدارت باطل ہوجائے گی اس لیے بطلانِ صدارت سے
بچنے کے لئے اور صدارت کی حفاظت کے لیے خبر کو مقدم کرنا واجب ہے

(2) دوسری صورت یا خبر مبتدا کے لیے مصحح ہو خبر ہی مبتدا کو
صحیح کرار دینے والی ہو اس صورت میں بھی خبر کو مبتدا پر مقدم کرنا
واجب ہے جیسے فی الدار رجلٌ اگر واجب نہ ہو تو رجلٌ فی الدار کہیں گے
تو رجلٌ کا مبتدا واقع ہونا درست نہیں ہوگا!

(3) تیسری صورت یا خبر کے متعلق کوئی ضمیر ہو مبتدا میں تو خبر کو مقدم
کرنا واجب ہوگا ورنہ مقدم نہ کریں گے تو اضمار قبل ذکر لازم آئے گا
لفظاً اور رتبۃً اور یہ جائز نہیں ہے

(4) چوتھی صورت یا اَنَّ کی خبر ہو تو اس صورت میں بھی خبر کو مقدم کرنا
واجب ہے اگر واجب نہ ہو بلکہ مؤخر بھی کر دیں تو اَنَّ کا اِنَّ سے
التباس لازم آئے گا اس لیے کہ درمیان کلام میں ہو تو اَنَّ اور شروع کلام میں ہو تو
اِنَّ! عندی اَنَّکَ قائمٌ ہے عندی کو مؤخر کر دے اَنَّکَ قائمٌ عندی ہوگا اس لیے
اس کو مقدم کرنا ضروری ہے کہ وہ درمیان کلام میں واقع ہو اور اَنَّ ہونا متعین ہو!

کبھی خبر متعدد ہوتی ہے یعنی مبتدا ایک اور خبر چند ہوتی ہے

جیسے زیدٌ عالمٌ عاقلٌ :- خبر کے متعدد ہونے کی دو قسم ہے

ایک بالعطف اور بغیر العطف :- بالعطف کی مثال زیدٌ وعالمٌ وعاقلٌ

وفاضلٌ وغیرہ / بغیر العطف کی مثال زیدٌ عالمٌ عاقلٌ یہاں پر

ایک ہی قسم بیان کیا بغیر العطف کو بالعطف کو بیان نہیں کیا

اس لیے کہ بالعطف بہت مشہور و معروف ہے اس کو بیان کرنے کی

ضرورت نہیں ہے / مبتدا ایک ہو اور خبر چند ہو ایسا جائز

ہے؟ کیسے ہے کیوں / وہ اس لیے کہ مبتدا بامنزل موصوف ہے اور

خبر بامنزل صفت ہے اور ایک موصوف کی چند صفت ہوتی ہے

اس لیے ایک مبتدا کی چند خبریں جائز ہے /

ترجمہ

اور کبھی مبتدا معنیٔ شرط کو متضمن ہو تو خبر میں فا کا داخل ہونا صحیح ہوتا ہے

اور وہ مبتدا جو معنیٔ شرط کو متضمن ہو وہ اسم موصول ہے جو فعل یا ظرف

کے ساتھ ہو یا وہ نکرہ ہے جو فعل یا ظرف کے ساتھ متصف ہو

جیسے فعل کی مثال الذی یاتینی فلہٗ درھمٌ وہ جو میرے پاس آئے

اس کو ایک درہم ہے۔ الذی اسم موصول ہے یاتینی فعل کے ساتھ ملا ہوا ہے

ظرف کی مثال جیسے الذی فی الدار فلہٗ درھمٌ وہ جو گھر میں ہے

اس کے لیے ایک درہم ہے۔


فعل

اور نکرہ کی مثال جیسے کل رجلٍ یاتینی فلہٗ درھمٌ ہر وہ مرد جو میرے پاس

آئے اس کے لیے درہم ہے کل رجلٍ نکرہ ہے یاتینی فعل کے ساتھ متصل ہے

نکرہ ظرف کی مثال جیسے کل رجلٍ فی الدار فلہٗ درھمٌ ہر وہ مرد جو گھر میں ہے

اس کے لیے درہم ہے۔



لیت اور لعل دونوں خبر پر فا کے داخل ہونے سے بالاتفاق معنیٰ

ہے یعنی اگر مبتدا پر لیت اور لعل داخل ہو جائے تو اب خبر پر فا داخل

نہیں ہو گی اس لیے کہ جب مبتدا پر لیت لعل داخل ہو جائے تو

مبتدا شرط کے معنی میں نہ ہو گا جب مبتدا شرط کے معنی میں نہیں ہو گا

تو خبر جزا کے منزل میں نہیں ہو گی اور جب خبر جزا کے منزل میں

نہیں ہو گی تو اس پر فا داخل کرنا بھی صحیح نہیں ہو گا ۔

اہم بات یہ کہ لیت لعل مبتدا پر داخل ہو جائے تو شرط کے معنی میں کیوں

نہیں ہو گا اس لیے کہ شرط ہونے کے لیے جملہ خبریہ چاہیئے اور لیت لعل

خبریت کو نکال کر انشائیت کی طرف لے جاتی ہے کیوں کہ لیت

انشاء تمنی کے لیے ہے اور لعل انشاء ترجی کے لیے ہے جب یہ دونوں داخل

ہو جائے تو مبتدا کو معنیٰ شرط سے نکال دیا جب یہ معنی شرط سے نکل گیا تو

خبر جزا کے منزل میں نہیں ہو گی جب خبر جزا کے منزل میں نہیں ہو گی تو اس

تو اس پر فا داخل نہیں ہوگا اس لئے کہ لیت لعل یہ دونوں خبر پر

فا کے داخل ہونے سے بالاتفاق مانع ہے

ترجمہ: بعض حضرات نے اِنَّ مکسورہ کو لیت اور لعل کے ساتھ لاحق کیا

مطلب یہ ہے کہ جس طرح سے لیت اور لعل خبر میں فا کے داخل ہونے

سے مانع ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ ایسے ہی اِنَّ خبر میں فا کے داخل

ہونے سے مانع ہے کیوں؟ ان کی دلیل یہ ہے کہ شرط و جزا تردید کے لئے

ہوتی ہے اور اِنَّ تحقیق کے لئے آتا ہے اور جب اِنَّ داخل ہوگیا تو

تردید ختم ہوگئی اور تحقیق پیدا ہوگیا لہذا شرط و جزا بھی اپنے معنی

میں نہیں رہا تو اس لئے اس کی خبر میں فا داخل نہیں ہوگا۔

بعض نے کہا یہ قول ضعیف ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اگر چہ اِنَّ تحقیق

کیلئے ہے لیکن اِنَّ داخل ہونے کے بعد بھی شرط و جزا کو خبریت سے نکال

کر انشائیت میں داخل نہیں کرتا۔

جس طرح لیت لعل خبریت سے نکال کر انشائیت میں کرتا ہے

پس جب وہاں شرط و جزا یا جزا معنی خبریت موجود ہے تو اس جزا میں

فا کا دخول صحیح ہوگا ۔

دوسرا اعتراض یہ وارد ہوگا جس طرح بعض حضرات نے اِنَّ کے

تعلق سے کہا ہے اِنَّ جزا میں فاء کے دخول سے معنًی ہے ایسے ہی

بعض نے اَنَّ کے بارے میں بھی کہا ہے کہ اِنَّ کو ذکر کیا اَنَّ کو ذکر کیوں نہیں کیا

کہنا چاہیے تاکہ الحق بعضہم اِنَّ و اَنَّ بہما ترجمہ بعض حضرات نے اِنَّ اور

اَنَّ کو دونوں کے ساتھ لاحق کیا ۔ اَنَّ کو کیوں ذکر نہیں کیا ۔

کہتے ہیں کہ اِنَّ کے قائلین بہت معتبر اور مستحض حضرات ہیں جیسے

امام سیبویہ وغیرہ ۔ برخلاف اَنَّ کے قائلین کے وہ حضرات اتنے مشہور اور

اور جیسا امیں قابل ہے اس لیے قائلین کی طرف نسبت کرتے ہوئے اِنَّ کو

ذکر کیا اور اَنَّ کو ذکر نہیں کیا ۔

ترجمہ اور کبھی مسند الیہ کو حذف کیا جاتا ہے قرینہ پائے جانے کی وجہ سے بطور جواز

اور وہ قرینہ خواہ لفظیہ ہو یا مقالیہ یا حالیہ ہو جیسے چاند دیکھنے والے کا قول

الہلالُ واللہِ چاند خدا کی قسم ! یہاں پر اصل میں تھا ھٰذا الہلالُ واللہ

یہ چاند خدا کی قسم ! یہاں قرینہ یہ ہے کہ چاند دیکھنے والا چاند کے بارے میں بتا رہا ہے

یہاں پر قرینہ قرینۂ حالیہ ہے اسی علمیت کی وجہ سے ھٰذا مبتدا کو حذف

کر دیا اور واللہ کی اضافت اہلِ عرب کی عادت کے مطابق ہے اگر واللہ

قسم کے بعد ذکر نہ کیا جاتا تو یہ احتمال ہوتا کہ شاید یہاں پر الہلال

مرفوع نہیں بلکہ منصوب ہے اور اس سے پہلے فعل محذوف ہے جیسے رائیتُ الہلالَ

مبتدا کے محذوف کی مثال نہیں بن پاتی جب واللہ کی طرف کر دیا جو قسم ہے

تو یہاں فعل محذوف نہیں بلکہ مبتدا محذوف ہے سوال کیا جا سکتا ہے

کہ مبتدا کے محذوف ہونے کی مثال آپ نے دی یہاں یہ بھی ہو سکتا ہے

الہلالُ ھٰذا خبر محذوف ہے الہلالُ خود مبتدا ہے اور ھٰذا خبر محذوف ہے

کہتے ہیں جناب اگر خبر محذوف مانتے ہیں مبتدا محذوف نہیں مانتے تو مطلب

میں خرابی لازم آئے گی کیونکہ یہاں چاند دیکھنے والے کا مقصود یہ ہے کہ ایک چیز

پہلے سے موجود ہے اس کی طرف اشارہ کر کے ثبوت الہلال کا حکم لگایا

نہیں ہوگا

اور یہ کب ہوگا جب مبتدا محذوف مانا جائے گا ھذا الہلال ورنہ درست

ترجمہ

اور خبر کو بھی حذف کیا جاتا ہے بطور جواز جیسے خرجت فاذا میں نکلا

اچانک پھاڑ کھانے والا درندہ کھڑا تھا یہاں پر موجود خبر محذوف ہے

قرینہ فاذائیہ ہے جو کسی شئی کو اچانک ہونے پر دلالت کرتا ہے اور وہ

دلالت کرتا ہے فعل عام کے محذوف ہونے پر جیسے موجود وغیرہ

موجود افعال عاملہ میں سے ہے اس کو حذف کرنے سے اذا قائم ہو گیا

ترجمہ: خبر کو حذف کیا جاتا ہے اس صورت میں جب اس کی جگہ میں اس کے غیر کو لازم
کر دیا گیا ہو تو اس صورت میں خبر کو حذف کرنا واجب ہے اس لیے کہ اگر خبر کو
وجوبی طور پر حذف نہ کیا جائے بلکہ ذکر بھی کیا جائے تو اس صورت میں اس کا اجتماع
لازم آئے گا۔ جیسے لولا زید لکان کذا اگر زید نہ ہوتا تو ایسا ہوتا۔ اس سے مراد ہر وہ جگہ
ہے جہاں مبتدا لولا کے بعد واقع ہو اور خبر افعال عامہ میں سے ہو۔ لولا کا بعد
عامہ میں دلالت کرتا ہے لولا اس دلالت کی وجہ سے افعال عامہ حذف کر دیے جاتے ہیں
اور لولا کا جواب قائم مقام ہو جیسے لولا زید موجود لکان کذا اگر زید موجود نہ ہوتا
تو ایسا ہو جاتا۔ زید مبتدا ہے اور موجود خبر افعال عامہ میں سے ہے۔ جس پر دلالت
کرنے والا لولا موجود ہے تو اس قرینہ کی وجہ سے اسے حذف کر دیا جاتا ہے لیکن اس کے
آگے لکان کذا یہ جواب لولا اس کی جگہ قائم ہے تو قرینہ بھی پایا گیا اور قائم مقام بھی
اور جب قائم مقام پایا جائے تو خبر کا حذف کرنا واجب ہے۔

اور مثال ضربی زیداً قائماً اس سے مراد ہر وہ جگہ ہے جہاں مبتدا مصدر ہو اور اس

کی اضافت فاعل یا مفعول کی طرف کی جائے اور اس کے بعد فاعل یا مفعول سے یا دونوں

سے حال واقع ہو تو ایسی جگہ میں خبر کو حذف کرنا واجب ہے یہ اصل میں تھا

ضربی زیداً حاصل اذا کان قائماً میرا زید کو مارنا پایا گیا حاصل طور پر جب کہ وہ کھڑا تھا

ہے یا پھر اذا کان پہ متعلق ہے حاصل سے اس حاصل کو حذف

کر دیا کہ اذا کان اسی کے متعلق دلالت کرنے والا ہو جائے اور پھر اذا کان کو

حذف کر دیا قائماً کی وجہ سے اس لیے کہ قائماً حال ہے اور حال ظرف میں ایک

خاص قسم کی مشابہت ہے اس لیے اذا کان کو حذف کر دیا تو قائماً اصل میں

قائم مقام میں اذا کان کے اور اذا کان قائم مقام ہے حاصل کے تو اذا کان کے واسطے سے

قائماً قائم مقام ہوا حاصل کے جو خبر ہے خبر کو قائم مقام پانے کی وجہ سے حذف

کرنا واجب ہو گیا۔ ورنہ تو اس میں خلف کا اجتماع لازم آتا اور یہ جائز نہیں ہے

NOTES (سبق)

(۳) وکلّ رجلٍ وضیعتہٗ ہر شخص اپنی صنعت اور حرفت کے ساتھ ہے اس سے مراد ہر وہ ترکیب ہے جہاں خبر معنی مقارنت کو شامل ہو اور واو مع کے ذریعہ سے کسی اسم کو اس خبر پر عطف کیا جائے اصل میں تھا کلّ رجلٍ مقرونٌ وضیعتہٗ = مقرونٌ خبر ہے معنی مقارنت کو شامل ہے اس کو حذف کر دیا کہ قرینہ اس پر واو بمعنی مع ہے اب اس واو بمعنی مع کے ذریعہ سے اس دوسرے اسم کو خبر پہ عطف کیا گیا ہے اور وہی اس کے قائم مقام ہے تو اس صورت میں خبر کو حذف کرنا واجب ہو گیا ورنہ اصل خلف کا اجتماع لازم آتا اور یہ جائز نہیں ہے۔

(۴) ولعمرک لافعلنّ کذا تیری زندگی کی قسم میں ضرور ایسا کرونگا اس سے مراد ہر وہ ترکیب ہے جہاں مبتدا مقسوم بہ ہو اور لفظی قسم ہو اصل عبارت یہ ہے لعمرک قسمٌ لافعلنّ کذا میرے عمر کی تیرے زندگی کی میری قسم میں ضرور ایسا کرونگا تو عمرک مقسوم بہ مبتدا ہے لفظ قسمٌ خبر ہے اس خبر کو حذف کر دیا اس پر قرینہ یہ ہے کہ لام قسمیہ اس پر بلا اتفاق ہے دلالت پر قرینہ موجود ہے اور جواب قسم لافعلنّ کذا اس خبر کی جگہ قائم مقام ہے تو اب خبر کے ساتھ قرینہ قائم مقام موجود ہے اس لئے خبر کو حذف کرنا واجب ہے ورنہ تو اصل و خلف کا اجتماع لازم آئے گا اور یہ جائز نہیں ہے

٢١/٤/٩٢

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لائے نفی جنس کی خبر

ترجمہ: لا کی خبر جنس کی نفی کرنے کے لیے وہ مسند ہوتی ہے اس کے داخل ہونے کے بعد جیسے لا غلام رجل ظریف فیھا یہاں پر ظریف خبر اول ہے اور فیھا خبر ثانی اور دونوں مسند ہیں لا کے داخل ہونے کے بعد۔

ترجمہ: اور لائے نفی جنس کی خبر اکثر محذوف ہوتا ہے۔ جب کہ اس کی خبر افعال عامہ میں سے ہو کیونکہ لائے نفی جنس اس پر دلالت کرتا ہے۔

ترجمہ: بنو تمیم اس کو ثابت ہی نہیں مانتے۔ اس کا دو مطلب ہے ایک یہ کہ اس کو محذوف مانتے ہیں بطور وجوب یعنی مذکور ہونا ثابت نہیں مانتے ہے جیسے لا اھلا ولا سھلا یہاں پر خبر محذوف ہے اور اس کا محذوف ہونا واجب ہے اور دوسرا مطلب یہ کہ وہ لائے نفی جنس کی خبر کو ثابت نہیں مانتے ہے کہ یعنی نہ تو لفظا نہ تقدیرا مانتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ لائے نفی جنس کی خبر ہے ہی نہیں اس کا وجود ہی نہیں جیسے التفعل مالو ولا اھلو یہاں پر خبر محذوف ماننے کی کوئی محل نہیں ہے۔

ترجمہ: ما اور لا مشابہ بلیس کا اسم یہ دونوں لیس کا مشابہ ہے اسمیت پر داخل ہونے میں۔ جیسے لیس نفی کا معنی دیتا ہے ویسے ہی ما اور لا بھی نفی کا معنی دیتا ہے جیسے لیس اسم پر داخل ہوتا ہے ویسے ہی ما اور لا بھی داخل ہوتا ہے اس معنی پر ان دونوں کو لیس سے مشابہت حاصل ہے۔

ترجمہ: ما اور لا کا اسم وہ ہے جو مسند الیہ ہوتا ہے ان دونوں کے داخل ہونے کے بعد جیسے ما زید قائما اور لا رجل افضل منک اس میں زید ما کا اسم ہے اس کے داخل ہونے کے بعد اور لا رجل میں رجل لا کا اسم ہے اس کے داخل ہونے کے بعد۔

ترجمہ: اور وہ لا میں شاذ ہے یعنی لیس کا عمل ما اور لا کے مشابہ ہے لیس اور عمل میں شاذ ہے جیسے لیس حال کی نفی کرتا ہے اور لا مضارع میں استقبال کی نفی کے لیے ہے اور اسمی میں حال کی نفی کے لیے ہے بر خلاف ما کے لیس بھی نفی حال کے لیے اور ما بھی نفی حال ہی کے لیے ہے اور لیس کا عمل ما میں کامل ہے اس لیے لیس کی مشابہت ناقص ہوگی اس لیے کہا گیا ہے لا میں شاذ ہے

المنصوبات

ترجمہ: اسم منصوب وہ ہے جو مشتمل ہو مفعول ہونے کی علامت پر

منصوبات یا تو منصوبٌ کی جمع ہے یا تو منصوبۃٌ کی جمع ہے!
دونوں ماننا درست نہیں ہے!
منصوبٌ کی جمع ماننا درست اس لیے نہیں ہے کہ منصوبات جمع مؤنث سالم ہے تو واحد بھی مؤنث ہونا چاہیے!
اور منصوبۃٌ کی جمع اس لیے نہیں ہو سکتا کہ وہ اسم کی صفت ہے اس میں ہے تو اس کی صفت بھی مذکور ہونا چاہیے لہذا منصوبۃٌ کی بھی جمع نہیں ہوگا
مذکور

منصوبات منصوبٌ ہی کی جمع ہے رہا آپ کا کہنا کہ منصوبات یہ جمع مؤنث سالم ہے اس کا واحد بھی مؤنث ہونا چاہیے یہ تو ہمیں تسلیم نہیں ہے! موصوف مذکر لا یعقل کی جمع الف اور تاء کے ساتھ آتی ہے تو یہ موصوف مذکور غیر ذوی العقول کی صفت ہے اس لیے منصوبات الف اور تاء کے ساتھ آیا!

سوال: یہ ہے کہ ھو ضمیر کا مرجع کون ہے! اگر منصوبات ہو تو راجع اور مرجع میں مطابقت نہ ہوگی اور اگر ھو ضمیر کا مرجع منصوب ہو تو الاضمار قبل الذکر لازم آئے گا! اس لیے کہ منصوبات تو مذکور ہے منصوب نہیں ہے اس جواب یہ ہے کہ ھو ضمیر کا مرجع منصوب ہی ہے اور منصوبات کے ضمن میں منصوب مذکور ہے اس لیے کہ کہا گیا ہے کہ منصوبات منصوبٌ کی جمع ہے اور جمع کے ضمن میں مفرد ہوتا ہے

مفعول ہونے کی علامت فتح، کسرہ، الف اور یا ہے جیسے رأیت زیدا و مسلمات و اباک و مسلمین

سوال ہوتا ہے کہ آپ نے کہا کہ منصوب وہ ہو مفعولیت کی علامت پر مشتمل ہو تو یہاں پر مفعولیت کی علامت ہونے کے باوجود وہ منصوب نہیں ہے جیسے مررت بمسلمات یہاں پر مسلمات علامت مفعولیت کے کسرہ پر مشتمل ہے لیکن اس کے باوجود وہ منصوبات میں سے نہیں ہے وہ تو مجرورات میں سے ہے

جواب یہ ہے کہ تعریفات میں حیثیت کا اعتبار ہوتا ہے اور یہاں بھی حیثیت کی قید معتبر ہوگی لہٰذا عبارت کا یہ ہے کہ اسم منصوب وہ ہے جو مفعولیت کی علامت پر مشتمل ہو مفعولیت کی علامت ہونے کی حیثیت سے اور یہاں مررت بمسلمات میں مفعول کی علامت تو ہے لیکن مفعول ہونے کی حیثیت سے نہیں ہے بلکہ مجرور کی حیثیت سے ہے لہٰذا یہ اس پر یہ تعریف صادق نہیں آئے گی اور جب یہ تعریف اس پر صادق نہیں آئے گی تو تعریف دخول غیر سے مانع ہوگی!

مفعول مطلق

مفعول مطلق کو تمام منصوبات میں مقدم کیا ! کیوں

جواب ایک وجہ تو یہ کہ مقدم کرنے کا کہ مفعول مطلق کے علاوہ جو دیگر منصوبات
ہیں دیگر مفاعل ہیں وہ کسی نہ کسی قید کے ساتھ مقید ہے جیسے مفعول بہ
بہ کی قید کے ساتھ مفعول لہ لہ کی قید کے ساتھ مفعول معہ معہ کی قید کے ساتھ وغیرہ
برخلاف مفعول مطلق کے وہ کسی کے ساتھ قید میں نہیں ہے اور مطلق کا
مقام یہ ہے کہ وہ طبعاً مقدم ہو تو ذکر میں بھی مقدم کر دیا تاکہ ذکر طبعاً
کے مطابق ہو جائے !

سوال یہ ہے کہ جناب مفعول مطلق بھی تو مطلق کے قید کے ساتھ مقید ہے

جواب یہ ہے کہ قید وہ ہوتا ہے جو مقید سے خارج ہو اور یہاں پر
مفعول مطلق میں مطلق اس مفعول کے نفس مفہوم سے خارج نہیں ہے
بلکہ صرف نفس مفہوم کی ادائیگی میں موجود ہے اس لیے قید نہ ہوگی

دوسرا جواب یہ ہے کہ اس لیے مقدم کیا کہ مرفوعات میں اس کے فاعل کو مبتدا پر
مقدم کیا تھا اس کے اصل مرفوعات ہونے کی وجہ سے اس لیے اس کو تمام مرفوعات
پر مقدم کیا تھا اور منصوبات میں مفعول مطلق کو تمام منصوبات پر مقدم
کیا اس لیے کہ مفعول مطلق کو فاعل سے مشابہت حاصل ہے چونکہ جس طرح
فاعل کو مرفوعات پر مقدم کیا اسی طرح سے مفعول مطلق کو منصوبات پر مقدم کیا

سوال یہ ہے کہ مشابہت کیسے حاصل ہے ! جواب یہ ہے کہ فعل نام اجزائے ثلاثہ کے مجموعے کا یعنی معنی حدثی
اور زمان اور نسبت الیٰ الفاعل، یہاں پر ایک جز معنی حدثی ہے اور ایک جز نسبت الیٰ الفاعل تو یہ
بلا فعل کو جز ہونے میں فاعل سے مشابہت حاصل ہے جب مشابہت ثابت ہوگی تو
مرفوعات میں فاعل کو مقدم کیا اور منصوبات میں مفعول مطلق کو مقدم کیا !

مفعول مطلق پارٹ ۲

ترجمہ: مفعول مطلق — اس فعل کا اسم ہے جس کو کیا فعل مذکور کے فاعل نے
وہ اسی فعل کے معنی میں ہو۔

سوال: پھر مثلاً موتاً جیسے مثلاً زید موتاً میں موتاً مفعول مطلق ہے اور اس پر تعریف ثابت نہیں آرہی کیونکہ وہ اپنے افراد کو جمع نہیں ہے کیونکہ اس کے افراد زید کا فعل ہوتا تو تبھی وہ اس کے اوپر ثابت نہیں آتا۔

جواب: یہ ہے کہ یہاں فعل مذکور کے فاعل نے کیا ہو کا معنی کیا ہے اس لیے کہ اس فعل کا ایجاد اس میں ہی ہوا۔
مطلب یہ ہے کہ وہ فعل مذکور کے فاعل کے ساتھ اس طرح قائم ہو کہ اس کی نسبت اس کی طرف درست ہو اگر مثلاً زید موتاً میں موتاً اس طرف نسبت ہے۔

ترجمہ: مفعول مطلق کبھی تاکید کے لیے ہوتا ہے کبھی بیان نوع کے لیے ہوتا ہے اور کبھی بیان العدد کے لیے ہوتا ہے۔ جب تاکید کے لیے ہوتا ہے تو اس کا مفہوم فعل کے مفہوم کو شامل نہ ہوا بعینہٖ فعل ہی کا مفہوم ہو۔
اور مفعول مطلق بیان النوع کے لیے اس وقت ہوتا ہے جب کہ دلالت کرے فعل کے بعض اسم پر بعض نوع پر
اور مفعول مطلق بیان العدد کے لیے اس وقت ہوتا ہے جب کہ وہ عدد پر دلالت کرے
جیسے جلست جلوساً، جِلسةً و جَلسةً
جلست جلوساً میں جلوساً مفعول مطلق تاکیدی ہے جس کا مفہوم جلست فعل کے مفہوم کا عین ہے۔

جلست جلسۃً میں جلوس ایک خاص قسم ہے یعنی میں خاص بیٹھنا
بیٹھا اور اگر جیم کی فتح کے ساتھ کیا جائے تو یہ عددی بیان کے
لیے ہوتا جیسے جلست مرۃً میں ایک مرتبہ بیٹھا ایسے جلست جلسۃً
میں ایک بار بیٹھا عدد کے اوپر دلالت کیا لہذا یہ عددی ہوا

ترجمہ پہلی ایک ساتھ نہ تثنیہ لائی جاتی ہے اور نہ ہی جمع

(کیوں) اس لیے کہ یہ پہلی قسم پر ایک پر دلالت کرتی ماہیت پر دلالت
کرتی ہے اور ماہیت تعدد نہیں ہوتا اور تثنیہ اور جمع ہونے کے لیے
تعدد کی ضرورت ہے اس لیے پہلی قسم کی نہ تثنیہ لائی جاتی ہے نہ جمع

برخلاف آخوانیہا اخواتہا سے مراد مفعول مطلق نوعی اور مفعول مطلق عددی

ترجمہ اور مفعول مطلق کبھی فعل کے لفظ کے علاوہ کے ساتھ ہوتا ہے
اب لغیر لفظا میں دو احتمال ہے ایک یہ کہ مادے میں اس کا غیر ہے
معنی ایک ہو اور مادے الگ ہو
دوسرا یہ کہ باب میں اس کے علاوہ ہوا فعل ہو کسی اور باب سے مفعول
مطلق ہو کسی اور باب سے لیکن دونوں کا معنی ایک ہوا جیسے قعدت جلوسًا
یہاں پر مادے میں اختلاف ہے قعدت کا مادا الگ ہے جلوسًا کا مادا الگ ہے
جیسے اس کی مثال انبتًا نبتًا انبت باب افعال سے اور نبتًا باب نصر ینصر سے
یہاں پر باب دو ہے اور معنی ایک ہے

مفعول مطلق پارٹ ۳

ترجمہ: اور کبھی مفعول مطلق کے فعل کو حذف کیا جاتا ہے قرینہ پائے جانے کی وجہ بطور جواز خواہ وہ قرینہ حالیہ ہو یا قرینہ مقالیہ ہو تو اس صورت میں فعل کو حذف کرنا جائز ہے جیسے کہ اس شخص کا کہنا قَدِمَ خیرَ مَقْدَمٍ اصل میں یہ تھا قدمتَ قُدُومًا خیرَ مَقْدَمٍ یہاں پر خیرَ مقدمٍ مفعول مطلق ہے اور قدمت کو بطور جواز حذف کر دیا ہے اور قدومًا خیرَ مقدمٍ قدومًا موصوف کو حذف کر دیا اور خیر مقدمٍ وہ صفت کو قائم رکھا اور وہی مفعول مطلق ہے

سوال: یہ کہ خیر تو اسم تفضیل ہے جو اصل میں فعل ہے مصدر نہیں ہے اور مفعول مطلق کے لیے مصدر ہونا ضروری ہے تو آپ نے اس کو مفعول مطلق کیسے قرار دے دیا

جواب: یہ کہ اسم تفضیل اگر مصدر کی صفت ہو اور اگر اسم تفضیل مصدر کی طرف مضاف ہو تو صفت ہونے کی صورت میں وہ مابعد ہوگا مصدر کی اور مضاف ہونے کی صورت میں مصدر سے پہلے ہوگا ہر صورت میں مقدر اس کے آگے ہوگا یا پیچھے ہوگا تاکہ مصدر یت اختیار کرے تو مفعول مطلق بنانے میں کوئی قباحت نہ ہوگی۔

ترجمہ: اور مفعول مطلق کے فعل کو حذف کیا جاتا وجوبًا بطور جواز سماعًا کا مطلب یہ کہ جس کا کوئی قانون مقرر نہ ہو بلکہ اہل عرب سے جیسا سنا گیا ہے ویسے ہی جیسے سقیًا ورعیًا خیبةً وجدعًا وحمدًا وشکرًا وعجبًا ان تمام مقام پر فعل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے بطور جواز۔

(۱) سقیًا اصل میں تھا سقاک اللّٰہ سقیًا اللہ تجھے سیراب کرے سیراب کرنا سقاک اللّٰہ کو حذف کر دیا

(۳) رعیاً اصل میں رعاک اللہ رعیاً اللہ تیری حفاظت فرمائے (حفاظت کرنا)

پہلی اور دوسری مثال دعائیہ کلمات ہے

(۳) خیبۃً اصل میں تھا خابت خیبۃً نا امید ہوا (امید ٹوٹنا)

(۴) جدعاً اصل میں تھا جدع جدعاً خدا کرے تمہارے ناک کاٹ لیے جائے

یہ دونوں بد دعا کے لیے ہے

(۵) حمداً اصل میں تھا حمدت حمداً

(۶) شکراً اصل میں تھا شکرت شکراً

(۷) عجباً اصل میں عجبت عجباً

تو ان تمام مقامات پر مفعول مطلق کے فعل کو حذف کر کے استعمال کیا ہے اور ایسے ہی معلوم ہے اس لیے مفعول مطلق کے مفاعل کے عامل ناصب کو حذف کر دیا وجوباً

یہاں پر وجوباً

مفعول مطلق پارٹ ۳

ترجمہ: جن جگہوں میں مفعول مطلق کو (کا فعل) حذف کیا جاتا ہے بطور قیاس
ایک وہ ہے جہاں مفعول مطلق مثبت واقع نفی اور معنی نفی کے بعد
اور نفی یا معنی نفی داخل ہو ایسے اسم پر جس اسم سے مفعول مطلق خبر ہو سکے
یا مفعول مطلق مکرر واقع ہو تو اس کے فعل کو بطور قیاس حذف کیا جاتا
جیسے ما انت الا سیرا" تو نہیں ہے مگر چلنے والا

یہاں پر سیرا" مفعول مطلق ہے اور ما انت یعنی نفی کے بعد واقع اور ما جو
نفی ہے وہ نفی داخل ہے انت پر / ایسے اسم پر داخل ہے جو مبتدا نہیں ہو سکتا
اور اس کا ما بعد مفعول مطلق خبر ہو جائے!

سوال پیدا کیوں مفعول مطلق یہاں پر انت کی خبر ہو سکتا
جواب پیدا اس سے نہیں ہو سکتا کہ انت کو اگر مبتدا بنا دیا جائے تو انت ذات
پر دلالت کرتا ہے اور سیرا" مفعول مطلق ہے مصدر ہے اگر اس کو خبر بنا
دیا جائے تو جو مبتدا پر محمول ہوتی ہے خبر کا مبتدا ہونا محال ہوتا ہے تو
مصدر کا حمل ہونا لازم آئے گا ذات پر،
تو مصدر کا حمل ذات پر درست نہیں ہے تو پتا چلا کہ یہاں سیرا" جو
مفعول مطلق ہے وہ مثبت واقع نفی کے بعد اور وہ نفی ایسے اسم پر داخل ہے
جس اسم سے مفعول مطلق کا خبر ہونا درست نہیں ہے

دوسری مثال معرفہ کی جیسے ما انت الا سیرا البرید یہاں پر معرفہ کی طرف اضافت ہونے کی وجہ سے
معرفہ ہے،

تیسری مثال معنی نفی کی جیسے انما انت سیرًا اور نہیں ہے کوئی مگر سیر کرتا چلتا ہے تیرے ساتھ

یہاں پر سیرًا مفعول مطلق مثبت واقع ہے معنی نفی کے بعد جو معنی نفی انما

کے داخل ہے انت اسم پر جس اسم سے مفعول مطلق کا خبر ہونا جز ہونا درست

نہیں ہے

چوتھی مثال مفعول مطلق مکرر کی جیسے زید سیرًا سیرًا زید چلتا ہے چلنا

ان دونوں جگہوں میں جہاں مفعول مطلق مثبت واقع ہے خواہ نفی یا

معنی نفی کے بعد اور وہ نفی جو داخل ہوا ہے اسم پر جس اسم سے اس مفعول مطلق

کا جز ہونا درست نہ ہو یا پھر مفعول مطلق مکرر واقع ہو ان دونوں

جگہوں میں اس کے فعل کو عامل ناصب کو حذف کیا جاتا ہے بطور

قیاس

ترجمہ: اور انھیں چند جگہوں میں سے جن جگہوں میں مفعول مطلق کے عامل ناصب کو وجوباً حذف کیا جاتا ہے بطور قیاس

ایک جگہ وہ ہے جہاں مفعول مطلق جملۂ متقدمہ کے مضمون کے فائدہ کی تفصیل واقع ہو۔ جملۂ متقدمہ کے مضمون سے مراد مصدر ہے جیسے فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً

تو انھیں مضبوطی سے باندھ لو اس کے بعد یا تو اس کو احسان کرکے چھوڑ دو یا تو فدیہ لے کر چھوڑ دو

یہاں پر شُدُّوا فعل امر ہے اور اس سے مفہوم شدہ مصدر شدُّ الوثاق ہے اب اس مصدر کا فائدہ یہ ہے کہ جب تم نے اس پکڑ لیا مضبوطی کے ساتھ تو باندھنا اور پکڑنا کے فائدہ یہ ہے کہ یا تو تم اس احسان کرو پھر اس کو چھوڑ دو یا فدیہ لو تب چھوڑو

منًّا اور فداءً یہ مفعول مطلق ہے جو تفصیل واقع ہے شدُّ الوثاق کی یہاں پر مفعول مطلق کے فعل کو حذف کرنا واجب ہے اس وجہ سے کہ جملۂ متقدمہ اس کے قائم مقام ہے اگر اس کو ذکر کر دیا جائے تو اصل و خلف کا اجتماع لازم آئے گا اور یہ درست نہیں ہے

مفعول مطلق پارٹ ۵

ترجمہ

جن جگہوں میں مفعول مطلق کے فعل کو قیاسی بطور وجوب حذف کیا جاتا ہے ان میں سے ایک وہ جگہ ہے جہاں پر (مفعول مطلق) تشبیہ کے لیے واقع ہو اس حال میں کہ وہ افعال جوارح میں سے ایسے جملہ کے بعد ہو جو مشتمل ہو ایسے اسم پر جو مفعول مطلق کا ہم معنی (اسم) اور اس کے موصوف پر مشتمل ہو۔ جیسے مررت بہ فاذا لہ صوت صوت حمار یعنی میں گزرا اس کے پاس سے اچانک اس کی آواز گدھے کی آواز کی تھی اور دوسری مثال جیسے صراخ صراخ الثکلی (مررت) گزرا ایسی عورت کے پاس سے جو اس کا چیخنا اس عورت کے چیخنے کی طرح تھی جس کے بچے مر گئے ہوں۔

تفسیر

صوت حمار یہ مفعول مطلق واقع ہے تشبیہ کے لیے کیونکہ اس سے پہلے جو صوت مذکور ہے اس صوت کو تشبیہ دی گئی ہے صوت حمار پر یعنی مفعول مطلق کو اور وہ عارضے جوارح میں سے ایک عضو کا فعل ہے اور ایسے جملہ کے بعد یعنی لہ صوت ایسا جملہ ہے جو مفعول مطلق کے ہم معنی اسم اور اس اسم کے موصوف پر واقع تو اس وجہ سے مفعول مطلق کے فعل کو عامل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے یہ اصل میں تھا فاذا لہ صوت یصوت صوت حمار آواز نکال رہا تھا گدھے کی آواز کی طرح یہاں پر مفعول مطلق کے فعل کو حذف کرنا واجب ہے اس لیے واجب ہے کہ قرینہ بھی موجود ہے اور قائم مقام بھی موجود ہے (قرینہ کیا) قرینہ یہ ہے کہ مفعول مطلق کا منصوب ہونا قرینہ ہے اس کے عامل ناصب کے محذوف ہونے پر (قائم مقام) قائم مقام یہ ہے کہ ماقبل والا جملہ یعنی لہ صوت اس کے قائم مقام ہے قرینہ اور قائم مقام پائے جانے کی وجہ سے مفعول مطلق کے فعل کو عامل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے

دوسری مثال صراخ صراخ الثکلی اصل میں تھا یصرخ صراخ الثکلی جو چیخ تھی یہ اس عورت کی طرح جس کا بچہ مر گیا ہو۔

یہاں پر صراخ الثکلی مفعول مطلق ہے جو واقع ہے تشبیہ کے لیے یہ بھی افعال عوامل میں سے الگ عوامل ہے اور ایسے جملہ کے بعد واقع ہے جو جملہ کے مفعول مطلق کے ہم معنی اسم اور اس کے موصوف پر مشتمل ہے۔

یہ مفعول مطلق معرفہ کی مثال ہے کہ الثکلی معرفہ بلام ہے اور اس کی طرف صراخ کی اضافت سے وہ بھی معرفہ ہو گیا ہے۔

مفعول مطلق پارٹ 6

ترجمہ
جن جگہوں میں مفعول مطلق کے فعل کو حذف کیا جاتا ہے قیاساً بطور وجوب ان میں سے ایک جگہ یہ ہے جہاں مفعول مطلق جملہ کا مضمون واقع ہو اور وہ جملہ اس کے غیر کا احتمال نہ رکھے جیسے لہ علی الف درھم اعترافاً فلاں کا مجھ پر ایک ہزار درہم ہے میں نے اعتراف کیا اعتراف کرنا

تشریح
یہاں پر اعترافاً مفعول مطلق ہے جو لہ علی الف درھم کا مضمون واقع ہے اور لہ علی الف درھم اس کے غیر کا احتمال نہیں رکھتا اس اعتبار سے کہ اس نے خود اقرار کر لیا۔ یہاں پر مفعول مطلق کے فعل کو حذف کرنا واجب ہے کیونکہ یہاں پر قرینہ اور قائم مقام دونوں موجود ہیں۔
قرینہ کیا ہے؟ قرینہ یہ ہے کہ مفعول مطلق منصوب واقع ہے اس کے عامل ناصب کو حذف کیا ہے
قائم مقام کیا ہے؟ قائم مقام یہ ہے کہ جس جملے کا وہ مضمون واقع ہے وہ اس کے قائم مقام ہے اس لیے قرینہ اور قائم مقام دونوں کے ہونے کی وجہ سے مفعول مطلق کے فعل کو حذف کرنا واجب ہو گیا۔

ترجمہ: اور اس کا نام تاکید لنفسہ رکھا جاتا ہے (کیوں) اس لیے کہ جملہ متقدمہ مفعول مطلق کھلا ہوا اور ماحصر واقع ہے اس کا بھی مفہوم بعینہ وہی ہے جو مفعول مطلق کا مفہوم ہے!

ترجمہ: اور انھیں جگہوں میں سے ایک جگہ یہ بھی ہے کہ جہاں پر مفعول مطلق ایسے جملہ کا کھلا ہوا واقع ہو ماحصر بھی واقع ہو جملہ اس کے غیر کا احتمال نہ رکھے جیسے زیدٌ قائم حقاً زید کھڑا ہوا ہے واقعی میں نے اس کو ثابت کیا ثابت کرنا!


تفسیر: یہاں پر حقاً مفعول مطلق ہے جو زیدٌ قائمٌ جملہ متقدمہ کے ماحصر اور کھلا ہوا واقع ہے۔ لیکن اس کے علاوہ کا بھی زیدٌ قائمٌ احتمال رکھتا ہے اس لیے زیدٌ قائم یہ جملہ خبریہ ہے جو صدق وکذب کا احتمال رکھتا ہے تو غیر حق کا بھی احتمال رکھے گا!

سوال یہ ہے کہ اس سے پہلے بھی لہ علی الف بھی صدق کذب کا احتمال وہاں بھی ہونا چاہیے تو یہ کیوں کہا کہ وہ مفعول مطلق کے علاوہ کا احتمال نہیں رکھتا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ بوجہ خبر غیر کا احتمال پہلے بھی تھا لیکن یہ اعتراف ہے اس حیثیت سے وہاں غیر کا احتمال نہیں تھا اور یہاں پر ایسا کچھ نہیں ہے۔ یہاں پر بھی قرینہ اور قائم مقام موجود ہے اس لیے اس کے فعل کو حذف کرنا واجب ہے

ترجمہ: اور اس کا نام رکھا جاتا ہے تاکید غیرہ (سوال یہ ہے کہ تاکید غیرہ نام رکھنا کیسے درست ہے تاکید نفس شئی کی ہوتی ہے نہ کہ غیر شئی کی)

جواب یہ ہے کہ یہاں پر بھی تو تاکید نفس شئی کی ہوتی ہے جو ماقبل میں ثابت ہوتی ہے اسی کو ثابت کیا گیا ہے حقاً سے اور تاکید غیرہ نام رکھنا صرف اعتباری ثابت کی وجہ سے اعتباری ثابت یہ ہے کہ غیر کے احتمال کا دفع کرنے کی ہے۔



ترجمہ اور انھیں جگہوں میں سے ایک جگہ یہ ہے کہ جہاں پر مفعول مطلق تثنیہ واقع ہو تثنیہ لفظ واقع
ہو لیکن وہ کثرت پر دلالت کرے جیسے لبیک اور سعدیک۔ لبیک اصل میں تھا
أُلِبُّ لَكَ إِلْبَابَيْنِ میں حاضر ہوا تیرے لیے بار بار حاضر ہونا اس طرح سعدیک اصل میں تھا
أُسْعِدُكَ إِسْعَادَيْنِ میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوتا ہوں بار بار حاضر ہونا
لبیک کیسے ہوا؟ خلاف قیاس بطور تخفیف الب فعل کو حذف کر دیا کیونکہ یہ مقام
مقام تخفیف ہے اور البابین یہ مفعول مطلق تھا اس کو فعل کے قائم مقام کر دیا اب
جو مزید فیہ کا مصدر تھا اس کو مجرد کیا (جیسے) شروع سے ہمزہ اور درمیان سے الف کو
حذف کر کے اب ہو گیا لببین تو دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اس کو ادغام کر دیا
اب ہو گیا لبین تثنیہ کا صیغہ اور جو لک میں لام تھا تعدیہ کے لیے تھا اس لام کو حذف
کر کے ک کی طرف مصدر کی اضافت کر دیا لہذا اضافت کی وجہ تثنیہ کا نون گر گیا
تو ہو گیا لبیک۔
اس طرح سعدیک لیکن سعدیک میں لام نہیں اس لیے اس کو ڈائریکٹ اس کو اٹھا کر کے
فعل کو حذف کر دینگا اور مصدر کو اس کی جگہ لائیں گے اور وہاں بھی مزید فیہ سے
مجرد کر دینگے اور شروع سے ہمزہ اور درمیان سے الف کو حذف کر دینگے تو ہو جائے گا
سعدین اور اس کی اضافت ک کی طرف کر دینگے تو ہو جائے گا سعدیک

Scanned by CamScanner

مفعول بہ

سوال: یہ کہ مات زیدٌ میں زید پر موت واقع ہوئی تو زید مفعول نہیں ہوا زید فاعل ہے زید کو مفعول ہونا چاہیے مفعول بہ کی تعریف کے مطابق بلکہ زید تو فاعل ہے!

ترجمہ: مفعول بہ اس شئی کا اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضربتُ زیداً میں زیداً

مفعول بہ کی تعریف دخول غیر سے مانع نہیں (جواب) اور فاعل کا فعل واقع ہو گیا گیا

جواب: اس سے مراد یعنی فاعل کا فعل واقع ہونے کا مطلب ہے کہ وہ فعل فاعل سے صادر ہونے والا ہے اور موت زید سے صادر نہیں ہوا بلکہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے فاعل کے صادر ہونے کے بعد جس پر واقع وہ مفعول بہ ہوگا تو تعریف دخول غیر سے مانع ہوگی!

ترجمہ: اور کبھی کبھی مفعول بہ فعل پر مقدم ہوا کرتا ہے۔ لیکن یہ کبھی بطور جواز مقدم ہوتا ہے اور کبھی بطور وجوب مقدم ہوتا ہے۔

بطور جواز کی مثال جیسے زیداً ضربتُ! زیداً مفعول بہ کو مقدم کر دیا یہاں پر تقدیم مفعول بہ جائز ہے!

اور کبھی کبھی مفعول بہ کو فعل پر مقدم کرنا واجب ہوتا ہے جہاں جب مفعول بہ معنی استفہام واقع ہو جیسے مَن ضربتَ (کس کو) اس لیے کہ استفہام تقاضا کرتا ہے شروع میں آنے کا! اور اس کو اگر مؤخر کر دیا جائے تو اس کی صدارت باطل ہو جائے گی۔ تو اس صورت میں مفعول بہ کو فعل پر مقدم کرنا واجب ہے!

ترجمہ: اور کبھی مفعول بہ کے عامل ناصب کو حذف کر دیا جاتا ہے قرینہ پائے جانے کی وجہ سے بطور جواز!

یہ قرینہ عام ہے خواہ قرینہ حالیہ ہو خواہ قرینہ مقالیہ ہو جیسے زیداً اس سائل شخص کے جواب میں جس نے کہا کس کو مارو تو کہا زیداً

یہ اصل میں تھا اضرب زیداً

یہاں پر اضرب زیداً کا عامل ناصب ہے زیداً مفعول بہ کا فعل ہے اس کو حذف کر دیا جو تقاضا کرنے پر قرینہ۔ سوال مخفف ہے اس وجہ سے مفعول بہ کے فعل کو حذف کرنا جائز ہے

ترجمہ اور مفعول لہ کے فعل کو حذف کیا جاتا ہے وجوبی طور پر چار جگہ میں ان میں سے پہلی جگہ سماعی ہے یعنی اس کے لیے حذف پر کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہے جیسا عرب والوں

پہلی مثال نے سنا ویسے حذف کیا ان جگہوں میں جیسے اِمْرَأً وَنَفْسَهُ مرد کو اس کے نفس کے ساتھ چھوڑ دو یہ اصل میں تھا اُتْرُكْ اِمْرَأً وَنَفْسَهُ تو اہل عرب یوں ہی استعمال کرتے تھے

اِمْرَأً وَنَفْسَهُ اُتْرُكْ کے حذف کے ساتھ تو یہاں پر واجب ہو گیا

دوسری مثال وَانْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ بچو تثلیث سے اور قصد کرو اس کا جو تمہارے لیے بہتر ہے

کفر تثلیث کے قائل تھے یہاں پر خیرًا لکم جو مفعول لہ ہے اس کا فعل محذوف ہے

وَاقْصُدُوْا خَيْرًا لَّكُمْ۔ اب اگر کوئی اعتراض کرے کہ جناب یہاں تو فعل مذکور ہے

وَانْتَهُوْا تو فعل تو مذکور ہے محذوف نہیں ہے!

جواب یہ کہ اگر وَانْتَهُوْا کو عامل ناصب مان لیا جائے خیرًا لکم کا تو کہا جائے گا

بچو اس سے جو تمہارے لیے بہتر ہے اور یہاں پر اصل میں ہے وَانْتَهُوْا تثلیث بچو تین

معبود ماننے سے وَاقْصُدُوْا خَيْرًا لَّكُمْ اور قصد کرو اس کا جو تمہارے لیے بہتر ہے

تو اہل عرب نے ایسے استعمال کیا وَانْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ وَانْتَهُوْا کے بعد تثلیث کو اور

خیر سے پہلے قصد کو حذف کر دیا اور حذف کے ساتھ استعمال کرنا واجب ہو گیا!

تیسری مثال اَهْلًا وَسَهْلًا اس طرح اَهْلًا مفعول لہ ہے اس کا فعل حذف ہے سَهْلًا بھی مفعول لہ

ہے اس کا بھی فعل حذف ہے یہ اصل میں تھا اَتَيْتَ اَهْلًا اجانب تو اپنوں میں آیا ہے

غیروں میں اور سَهْلًا اصل میں تھا وَطِئْتَ سَهْلًا مِنَ الْبِلَادِ لَا حَزْنًا تو نے نرم زمین کو

روندا نہ کہ سخت ان جگہوں میں مفعول لہ کے عامل ناصب کو حذف کیا تو یہ اہل عرب

کے استعمال میں حذف کرنا واجب ہے!

مفعول بہ منادیٰ

ترجمہ

جہاں مفعول بہ کے عامل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے ان میں سے ایک دوسری جگہ منادیٰ کا ہے۔ اور منادیٰ وہ شخص ہے کہ جس کی توجہ مطلوب ہو اور ایسے حرف کے ذریعے سے جو ادعو کے قائم مقام ہو خواہ وہ حرف لفظی ہو یا تقدیری۔

لفظی کی مثال جیسے یا زید۔ یہاں پر یا حرف ندا لفظاً موجود ہے اس کے ذریعے سے زید کی توجہ مطلوب ہے۔

سوال یہ تھا مفعول بہ منادیٰ کے عامل ناصب کو حذف کرنا واجب کیوں ہے

جواب اس لئے کہ اگر اس کے عامل ناصب کو ذکر کر دیا جائے تو اصل و خلف کا اجتماع لازم آئے گا اور یہ درست نہیں ہے اس لئے حذف کرنا واجب ہے۔

تقدیری کی مثال جیسے یوسف اعرض عن ھذا۔ اے یوسف اس سے اعراض کر۔ اصل میں تھا یا یوسف اعرض عن ھذا یہاں پر یا مقدر ہے اگر یا کو مقدر نہ مانا جائے تو یوسف مبتدا ہوگا اور اعرض عن ھذا خبر ہوگا حالانکہ یہ انشاء ہے اور انشاء کا خبر بنانا جائز نہیں لہذا قرینہ ہے یا کے محذوف ہونے پر


چونکہ یہاں پر یا تقدیراً موجود ہے تو مفعول بہ کے عامل ناصب کو حذف کرنا واجب ہو گیا۔

ترجمہ

اور منادیٰ مبنی ہوگا علامت رفع پر اگر منادیٰ مفرد معرفہ ہو۔

مفرد سے مراد وہ جو مضاف اور مشابہ بہ مضاف نہ ہو۔

معرفہ سے مراد وہ جو معرفہ ندا سے پہلے بھی رہا ہو اور ندا کے بعد بھی جیسے یا زید یہ مفرد ہے یہ نہ مضاف ہے نہ مشابہ بہ مضاف ہے اور ندا سے پہلے بھی معرفہ رہا ہے اور یہ زید ندا کے بعد بھی معرفہ ہے۔



ترجمہ: منادیٰ کو جر دیا جاتا ہے لام استغاثہ کے ذریعے سے جیسے یا لَزید

لام استغاثہ اس لام کو کہتے ہیں کہ جس کے ذریعے سے فریاد طلب کیا جائے جیسے یا لَزید

یہاں پر زید سے فریاد طلب کیا گیا ہے لام کے ذریعے سے یہ لام لام استغاثہ ہے جس کے

ذریعے سے زید کو جر دیا گیا ہے۔

ترجمہ: اور الف استغاثہ کے لاحق ہونے سے فتح دیا جاتا ہے اس حال میں کہ اس میں لام

نہ ہو جو ہو تو اجتماع ضدین لازم آئے گا لام تقاضی کرے گا جر کا اور الف اپنے ماقبل

فتح کا جیسے یا زیداہ اور (یا) کا بھی اضافہ کر دیتے ہیں۔

ترجمہ: اور ان دونوں کے ماسوا کو نصب دیا جاتا ہے جیسے یا عبداللہ یہ مضاف کی مثال ہے

اور یا طالعاً جبلاً یہ مشابہ مضاف ہے اور یا رجلاً غیر معین ہے

ان تمام صورت میں منادیٰ کو نصب دیا جائے گا۔

توابع منادیٰ

ترجمہ

منادیٰ مبنی کے مفرد توابع تاکید صفت عطف بیان اور معطوف بحرف
جس پر یا کا دخول ممتنع ہو ایسے مفرد توابع کو رفع دیا جاتا ہے منادیٰ کے
لفظ پر حمل کرتے ہوئے اور اس کو نصب دیا جاتا ہے اس کے محل پر حمل
کرتے ہوئے جیسے یا زیدُ العاقلُ والعاقلَ یہاں پر زیدُ منادیٰ مفرد
معرفہ مبنی ہے علامت رفع پر اور العاقلُ اس کی صفت ہے تو اس کو
العاقلُ بھی پڑھنا جائز ہے اور العاقلَ بھی پڑھنا جائز ہے۔

العاقلُ ۔ مرفوع پڑھنا جائز ہے اس کے لفظ پر حمل کرتے ہوئے
کیونکہ منادیٰ مفرد معرفہ حقیقت میں معرب ہی تھا اس کا مبنی ہونا
عارضی ہے تو لفظ پر حمل کرتے ہوئے العاقلُ پڑھنا جائز ہے
العاقلَ منصوب پڑھنا جائز ہے اس کے محل کو محمول کرتے ہوئے۔

اعتراض


خلیل معطوف میں رفع کو پسند کرتے ہیں اور ابو عمرو نصب کو
خلیل معطوف بحرف الممتنع دخول یا علیہ میں رفع کو پسند کرتے ہیں
اس کے اختیار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں یہ بھی مستقل منادیٰ ہے
یعنی العاقلُ زید کی صفت ہونے کی وجہ سے مستقل منادیٰ ہے تو اس کے
ساتھ بھی منادیٰ جیسا برتاؤ کرنا چاہیے لیکن اس پر یا کا دخول ممتنع
ہے یعنی دخول یا کی ہونے کی وجہ سے اس لیے منادیٰ مستقل کیا۔
تو اس پر اب یا داخل نہیں کر سکتے

تو ابو عمرو کہتے ہیں کہ نہیں جب اس پر یا کا دخول ممتنع ہے تو اب یہ
اس منادیٰ کے جو توابع ہے وہ محل کے توابع ہے۔ لفظ کے توابع نہیں ہے
تو یہ محلاً منصوب ہے تو اس کو منصوب پڑھنا جائز ہے مختار ہے

اور ابو العباس نے کہا اگر وہ الحسن کی طرح سے ہے یعنی معرف باللام جو معطوف منادیٰ
ہے مبنی پر اور وہ الحسن کی طرح سے ہے تو وہ خلیل کی طرح ہوگا
اور اگر الحسن کی طرح نہیں ہے تو وہ ابی عمر کی طرح ہوگا
تو دیکھا جائے گا کہ اس کے الف لام کو حذف کرنا جائز ہے یا نہیں اگر حذف کرنا
جائز ہے جیسے الحسن کی طرح سے ہے تو اس کے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے گا
جو خلیل نے کہا اور اگر الحسن کی طرح سے نہیں ہے الف لام زائد نہیں ہے
غیر زائد ہے یعنی اس کو حذف کرنا جائز نہیں ہے تو اس کے ساتھ وہی معاملہ کیا
جائے گا جو اصمعی نے کیا یعنی اس کو منصوب پڑھیں گے

منادیٰ توابع پارٹ ۲

ترجمہ: منادیٰ مبنی کے مضاف توابع ہو اس کو نصب دیا جائے گا اور بدل اور وہ معطوف
جو مذکورہ معطوف کا غیر ہے اس کا حکم مستقل (مطلقاً) منادیٰ کا حکم ہے۔
اور وہ علم جو موصوف ہو لفظ ابن یا ابنۃ کے ساتھ اس حال میں کہ
وہ ابن یا ابنۃ مضاف ہو دوسرے علم کی طرح تو اس کا فتح مختار ہے۔
اس لیے کہ کلام عرب میں یہ کثیر استعمال ہے مقتضی تخفیف ہے اور فتح
اخف الحرکات ہے اس لیے فتح مختار ہے۔
اور جب معرف باللام کو منادیٰ بنایا جائے تو کہا جائے گا یا ایہا الرجل
یا ھذا الرجل و یا ایہا ھذا الرجل یہاں پر معرف باللام منادیٰ ہے اور اس پر الف
لام حرف تعریف داخل ہے اور حرف ندا بھی حرف تعریف اگر اس کو ذکر
کر دیں گے تو دو (ال) تعریف کا اجتماع لازم آئے گا تو دونوں میں فصل کر دیں گے
ایہا لایا جائے گا یا ھذا یا ایہا ھذا دونوں کا اجتماع لایا جائے گا تاکہ دو حرف
تعریف کا اجتماع لازم نہ آئے۔



اور الرجل کے رفع کا التزام کیا اس لیے کہ وہی مقصود بالندا ہے
اور وہ مفرد معرفہ ہے ۔ اور الرجل کے توابع رفع کو
لازم کیا یعنی معرف باللام جب منادیٰ ہو اس کے رفع کو
التزام کیا اور اس کے توابع کو بھی لازم کیا
اس لیے کہ یہ معرب کی توابع ہے جیسے یا اللہ خاصتہ

اعتراض: آپ نے کہا منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کا دخول اس پر ممتنع ہے یہاں تو اللہ بھی تو معرف باللام ہے یا اللہ کیوں کہتے ہیں

جواب: یہ کہ اللہ میں جو الف لام ہے وہ حرف تعریف کا نہیں ہے ہمزہ ہے الٰہ اصلہ ہے الالٰہ اس ہمزہ کو حذف کر دیا اس کے عوض میں لایا گیا وہ فائدہ معرف باللام کا ہے!
دوسرا جواب یہ ہے کہ شریعت اس کی اجازت نہیں دیتی اس لیے کہ شریعت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام اسما اسمائی توقیفی ہے
جیسا سنا گیا ہے ویسا ہی تھا

واللہ اعلم بالصواب

فقیر = ذاکر حسین طیبی